© rasailojaraid.com

# مجتہد : اوصاف و شرائط

ڈاکٹر ظہور احمد اظہر

اجتہاد ہمیشہ کی طرح عہد حاضر میں بھی اسلامی دنیا کا ایک اہم ترین مسئلہ اور دلچسپ موضوع بحث ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اجتہاد نہ صرف یہ کہ ایک شدید ترین ضرورت ہے بلکہ مسلمان قوم کی بیداری اور ترقی کا مفید ترین وسیلہ بھی ہے ۔ اس کی اہمیت و افادیت اس کے لغوی معنی اور اصطلاحی مفہوم سے بھی عیاں ہے ۔ اس کے معنی اور مفہوم سے ہی ایک ولولۂ تازہ کا پیغام اور جوش عمل کی دعوت مترشح ہوتی ہے ۔ یہ بات صبر و استقامت کی طرف بھی اشارہ کرتی ہے اور عزم و ہمت کے ساتھ جہد مسلسل کی بھی غماز ہے ۔

لغت میں اجتہاد کے معنی ہیں : کسی کام میں انتہائی کوشش کرتے ہوئے اپنی تمام تر صلاحیتیں صرف کر دینا ۔ اسلامی شریعت کی اصطلاح میں اجتہاد کا مفہوم یہ ہے کہ ماخذ شرع کی روشنی میں کسی شرعی مسئلے کا حل معلوم کرنے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو اس طرح بروئے کار لانا کہ آگے مزید کوشش کی گنجائش باقی نہ رہے ۔ ان معانی اور اس مفہوم کا تقاضا یہ ہے کہ مجتہد یا اجتہاد و استنباط کا فریضہ انجام دینے والا ایک نہایت اہم اور مفید کام انجام دیتا ہے، اس لیے اس میں کچھ شرائط اور کچھ اوصاف کا پایا جانا لازمی ہوگا تاکہ وہ اس عظیم ذمہ داری سے کماحقہ عہدہ برآ ہو سکے ۔

اصل موضوع تک پہنچنے سے قبل بعض تمہیدی امور کی طرف اشارہ کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے کیونکہ ان امور سے نہ صرف یہ کہ موضوع کی اہمیت عیاں ہوگی ،



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بلکہ اسے سمجھنے میں بھی بہت مدد ملے گی ۔ ان تمہیدی امور میں سرفہرست وہ غلط فہمیاں ہیں جو ہمارے بعض دانشوروں کی مرہون منت ہیں ۔ یہ حضرات دانستہ یا نادانستہ طور پر تخلیط و ابہام کا شکار ہیں جس سے ہماری ملت کی فکری زندگی ایک گونہ ابتری اور الجھاؤ کی کیفیت سے دوچار ہے اور ذہنوں میں شک و بے اطمینانی اور اضطراب و بے چینی کا دور دورہ ہے ۔

ان غلط فہمیوں میں سرفہرست یہ غلط فہمی ہے کہ ہمارے یہ پراگندہ ذہن دانشور لفظ اجتہاد کے مفہوم و معنی کو سمجھے بغیر اس موضوع پر اظہار خیال کرتے ہیں ، وہ عموماً یہی سمجھتے ہیں کہ اجتہاد کے معنی ہیں کوشش کرنا اور اس کا مفہوم یہ ہے کہ کسی مسئلے پر آزانہ رائے دینا اور بس ! یہیں سے غلطی کا آغاز ہو جاتا ہے اور اس غلط بنیاد پر جو عمارت کھڑی ہوتی ہے وہ بھی باطل اور غلط فہمیوں بلکہ غلطیوں کا مجموعہ ہوتی ہے ، حالانکہ آزادانہ رائے دینے کا تو اجتہاد سے کوئی تعلق ہی نہیں بلکہ آزادانہ رائے کے لیے تو سرے سے کسی قسم کے اجتہاد کی ضرورت نہیں ۔ آپ نے اگر رائے ہی دینا ہے تو دیجیے مگر اسے اجتہاد کا نام مت دیجیے ۔ اس لیے کہ نصوص شرعیہ یا شریعت کے منابع و مصادر سے آزاد ہوکر کسی مسئلے پر سوچنا اور آزادانہ رائے کی بنیاد پر فیصلہ دینا شرعی اجتہاد کے ضمن میں آتا ہی نہیں ۔ شرعی اجتہاد محض رائے زنی کا نام نہیں ہے بلکہ شرعی اجتہاد تو یہ ہے کہ جب کوئی ایسا مسئلہ درپیش ہو جس کے بارے میں کوئی واضح شرعی حکم کتاب و سنت میں موجود نہیں تو ماخذ شریعت کی چھان پھٹک کی جائے ۔ نظائر و امثال پر غور و فکر کیا جائے اور اس طرح محنت و کوشش صرف کرنے کے بعد جو حل سامنے آئے اسے شرعی اجتہاد کہا جائے گا ۔ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اجتہاد کا مقصد محض اپنی رائے سے کوئی آزادانہ فیصلہ کرنا ہے یا نصوص شرعیہ سے ثابت شدہ احکام کو بدلنا یا ان کی من مانی تاویل کرنا اجتہاد ہے تو آپ سخت غلطی پر ہیں ۔ یہ روش تحریف و تضلیل اور ہوس پرستی تو کہلا سکتی ہے مگر شرعی اجتہاد کہلانے کی ہرگز مستحق نہیں ۔

اجتہاد کے سلسلے میں دوسری غلط فہمی یہ پائی جاتی ہے کہ شاید اجتہاد جیسی ڈائنیمک تحریک کچھ مدت کے لیے اسلامی زندگی کے منظر سے بالکل غائب ہوگئی تھی یا بعض منکرین نے اسے موقوف و معطل کرنے کی جو رائے دی تھی اسے اُمت نے قبول کر لیا تھا جس کے بعد اجتہاد و استنباط کا عمل کسی دور میں کسی بھی سطح پر جاری نہ رہ سکا ، حالانکہ صورت حال یہ نہیں ہے ۔ گزشتہ چودہ صدیوں کے دوران اگرچہ منکرین اجتہاد کا گروہ بھی قائم رہا اور اجتہاد کا دروازہ بند کرنے کے دعووں کا سلسلہ بھی جاری رہا مگر اس کے باوجود ہر دور میں کسی نہ کسی سطح پر اجتہاد و استنباط کا عمل جاری ہی رہا حتیٰ کہ عہد غلامی کی پستیوں اور پسماندگیوں کے باوجود بھی مسلم علماء نے نئے دور کے تقاضوں کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مطابق تازہ مسائل کے حل کے لیے شرعی استنباط اور فتویٰ کا منصب بھی سنبھالے رکھا ـ سائنسی ایجادات نے جب زندگی کی روش بدل دی تو شریعت کے پاسبانوں نے اُمت کی صحیح رہنمائی کا سامان کرنے کا کام بھی جاری رکھا ـ جب ریل اور ہوائی جہاز میں ادائے نماز کے مسائل پیدا ہوئے تو ظاہر ہے ان ایجادات کی مناسبت سے واضح حکم موجود نہ تھا مگر اشارات و نظائر موجود تھیں ـ سفر میں نماز قصر، میدانِ جنگ میں صلٰوۃ الخوف اور حج کے موقع پر جمع بین الصلاتین کی نظائر کی روشنی میں اجتہاد و استنباط کی بنیاد پر فتاویٰ جاری کیے گئے ـ خطبہ و اذان میں لاؤڈ سپیکر کے استعمال کا سوال اٹھا تو عہد نبوت میں لوگوں تک آواز پہنچانے کے لیے مشروعیت اذان اور منبر کی ایجاد کی نظیریں کام آئیں اور علماء نے فتویٰ دیا کہ لاؤڈ سپیکر سے چونکہ مقصود نمازیوں تک آواز پہنچانا ہے تاکہ وہ فریضۂ صلٰوۃ سہولت کے ساتھ ادا کر سکیں، اس لیے اس مقصد کے لیے لاؤڈ سپیکر کا استعمال بھی جائز ہے ـ

لیکن جب سود خوری کو حلال قرار دینے اور دیگر مسلمات شرعیہ کو منہدم کرنے کی مذموم حرکات اور سعی نامشکور شروع ہوئی تو ان مسلم علماء نے اس تحریف و ہوس پرستی کو اجتہاد تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ـ نام نہاد روشن خیال اور ترقی پسند دانشور انہیں تنگ نظر اور رجعت پسند ہونے کا طعنہ بھی دیتے رہے اور اجتہاد کے دروازے چوپٹ کھول دینے کا دعویٰ بھی کرتے رہے مگر اہل علم و تقویٰ نے یہ مذموم تحریک کامیاب نہ ہونے دی ـ

ایک وقت ایسا آیا جب داخلی خلفشار اور فتنہ و فساد نے اسلامی معاشرے کو کھوکھلا کر دیا تھا ـ اجتہاد و استنباط کے نام پر افتراق اور گروہ بندی کا سلسلہ شروع ہوگیا تھا ـ اس کے ساتھ ہی سامراجیوں نے ضعیف و ناتواں، پسماندہ اور غفلت میں اونگھتے ہوئے مسلمانوں کو دبوچ لیا تھا جس کے نتیجے میں مسلمانوں نے گھبرا کر میدان عمل سے فرار کی راہ اختیار کر لی تھی ـ وہ ہر شے اور ہر بات کو خوف، شک اور ہچکچاہٹ کی نظر سے دیکھتے تھے ـ اس لیے جہاں وہ تجدید و اجتہاد سے محروم و بیزار ہوگئے تھے، وہاں وہ مغرب سے آنے والی ہوا کے ہر جھونکے سے بدک جاتے تھے ـ انگریزی زبان تک پڑھنے کو دین سے برگشتگی کی علامت تصور کرنے لگے تھے ـ اچھے یا برے جدید افکار اور تہذیبی اطوار سے بھی گریزاں تھے اور سائنسی علوم اور جدید ایجادات و وسائل سے بھی خوف زدہ تھے، اس لیے کہ وہ شکست خوردہ ذہن رکھتے تھے ـ مگر جیسے ہی مریض کو سنبھالا دیا گیا، مصلحینِ وقت نے اُمت کو ہوش میں آ کر حالات کا مردانہ وار مقابلہ کرنے کے لیے تیار کر لیا چنانچہ خوف اور ہچکچاہٹ کی کیفیت بھی ختم ہوگئی ـ سائنسی علوم کو بھی قبول کر لیا گیا اور تجدید و اجتہاد کا راستہ بھی اہل علم و تقویٰ کے لیے حسب معمول کھلا ہی رہا ـ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسلام کا نہ تو سائنسی علوم سے کوئی تصادم ہے اور نہ وہ انسانی فکر و تہذیب کی ترقی کا مخالف ہے بلکہ اسلام تو جہاں علم و سائنس کی راہوں پر گامزن ہونے کی پر زور دعوت و تلقین کا علمبردار ہے وہاں اس اندھی اور جامد تقلید کا بھی مخالف ہے ، جس کا اللہ کے پیغام اور حجت و دلیل کے ساتھ کوئی واسطہ نہ ہو اور جو انسانوں سے فکر و تدبر اور غور و خوض کی قوتیں سلب کر لینے کی قائل ہے ۔ قرآن مجید انفس و آفاق میں فکر و تدبر کی دعوت دیتا ہے ۔ اہل عقل و اولی الالباب کو جھنجھوڑتا ہے اور فکر و بصیرت سے اعراض کرنے والوں سے کہتا ہے : افلایتدبرون القرآن ام علی قلوب اقفالھا[1] : کیا یہ قرآن میں فکر و تدبر نہیں کرتے یا ان کے دلوں پر قفل پڑے ہوئے ہیں ؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے : الحکمۃ ضالۃ المومن اینما وجدھا اخذھا اوکما قال صلی اللہ علیہ وسلم[2] کہ حکمت و دانش تو مومن کی گم گشتہ میراث ہے ۔ اسے جہاں ملے گی لے لے گا ! مگر سب سے پہلے سوچنے کی بات یہ ہے کہ کوئی بات حکمت و دانش ہے بھی یا نہیں یا محض فتنہ و گمراہی کو حکمت و دانش اور چمکتے پتھر کو موتی تصور کر لیا گیا ہے ۔ جب یہ بات یقین کے ساتھ پایہ ثبوت کو پہنچ جائے کہ فلاں بات حکمت اور موتی ہے تو پھر مسلمان اسے قبول کرنے میں کبھی پس و پیش نہیں کرے گا ۔ اس حقیقت کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ روم اور یونان کے تہ خانوں میں مقفل و مقید سائنسی علوم کو رہائی دلانے اور محفوظ کر کے ترقی دینے والے مسلمان ہی تھے ، اس کے علاوہ یہ حقیقت بھی کہ اسلام کی تاریخ میں کبھی بھی سائنسی تحقیق کی مخالفت نہیں کی گئی بلکہ عہد نبوت سے لے کر بعد کے تمام ادوار میں سائنسی علوم کی ہمیشہ حوصلہ افزائی کی گئی ہے ۔ کسی عہد میں مسلمانوں نے کسی مفکر یا سائنس دان کو محض اس لیے سولی پر نہیں چڑھایا کہ وہ سائنسی ترقی ، نئے نئے سائنسی تجربات و ایجادات یا نظریات کی تخلیق میں لگا ہوا ہے ۔

اسلام نے رہن سہن کے سادہ اور فطرتی آداب پر کسی قسم کی پابندی نہیں لگائی ، نہ اسلام نے مسلمانوں کو کسی ایک مخصوص لباس کا پابند بنایا ہے ۔ آب و ہوا اور مقامی ضرورت کے مطابق ہر خطے کے مسلمانوں کو اپنا مناسب لباس اپنانے کی اجازت ہے ۔ آج بھی بین الاقوامی اسلامی اجتماعات میں لباس کا تنوع و اختلاف اسلام کی اس وسعت نظر کا غماز نظر آتا ہے ، تاہم اسلام اس بات کو تسلیم نہیں کرتا کہ محض فیشن پرستی کو روشن خیالی کا نام دے دیا جائے یا ایک مخصوص وضع و قطع اور لباس کو سائنس دان ہونے کی علامت تصور کر لیا جائے اور حقایق دین یا مکرم اخلاق کی تضحیک و تمسخر اڑانے کو سائنس کی معراج سمجھ لیا جائے ۔ کوٹ ، پتلون اور نکٹائی کا روشن خیالی یا سائنس سے کوئی تعلق نہیں ۔ اسی

---

۱۔ القرآن ۔ سورۃ محمد ، آیت ۲۴ ۔

۲۔ صحیح ترمذی ، ابواب العلم ۔ ص ۱۵۹ ج ۱۰ ۔ مطبعۃ الصاوی ۔ مصر ، طبع اولیٰ ۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



طرح شلوار قمیض یا اسلامی وضع قطع سائنسی ترقی یا تجربات کی راہ میں کوئی رکاوٹ نہیں - مشرقی لباس یا اسلامی وضع قطع دیکھ کر سائنسی لیبارٹری کرنٹ کبھی نہیں مارے گی - بات صرف اتنی ہے کہ اگر آپ کائنات کی گہرائیوں میں اُتر کر اسرار و حقائق کا انکشاف کرتے ہیں یا سمندروں اور پہاڑوں کا سینہ چیر کر انسانیت کی بھلائی اور سربلندی کا سامان کرتے ہیں تو آپ صاحب کرامات مرد مومن ہیں اور سائنس کے میدان کے مجتہد ہیں - اس اجتہاد سے نہ اسلام نے آپ کو روکا ہے ، نہ کوئی روک سکے گا -

اجتہاد کے ضمن میں تیسری غلط فہمی یہ پائی جاتی ہے کہ شاید آزادانہ اجتہاد کی حدود اتنی وسیع ہیں کہ تمام مسلمات شریعت بھی اس کی زد سے باہر نہیں - کتاب و سنت کی واضح نصوص قطعیہ کی بنیاد پر ثابت شدہ شرعی احکام جو چودہ صدیوں سے تواتر و تسلسل کے ساتھ تمام اُمت کا متفقہ معمول چلے آتے ہیں مگر آج کی چشم کج نگاہ اور پست ہمت دلوں کو فرسودہ یا مشکل نظر آتے ہیں ان میں ہیر پھیر یا بنیادی تبدیلی میں اجتہادی قوتیں صرف کی جا سکتی ہیں ! مثلاً یہ کہ سرمایہ پرست ذہنیت اور سود خور صہیونیت نے سودی نظام معیشت کا جو ہولناک بین الاقوامی جال پھیلا رکھا ہے اس میں الجھی ہوئی دکھی اور مجبور و مقہور انسانیت کو نجات دلانے اور نگلنے کے بجائے اسے اس میں کراہتے اور تڑپتے رہنے کا فتویٰ دے دیا جائے اور ناموں کے ہیر پھیر سے سود کو حلال قرار دے دیا جائے یا مثلاً نئی تہذیب کے نتیجے میں اختلاط مرد و زن ، عریانی ، بے راہ روی اور فحاشی کے جس سیلاب بلا نے انسانیت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے اس کا رخ موڑنے اور اسے بے اثر کر کے پاکیزگی و طہارت کا حامل پرسکون معاشرہ تشکیل دینے کی کوشش کے بجائے آزادیٔ نسواں کے خوشنما نام پر روشن دماغ مجتہد یہ فتویٰ عنایت فرما دے کہ بندگان خدا کو اس کی غلاظت و عفونت کی دلدل میں پھنسا رہنے دو اور سب کو اس کی ہلاکت و تباہی کی نذر ہونے دو یا مثلاً نماز ، روزہ ، حج ، زکوٰۃ اور دیگر شعائر اسلامی کو کوئی ایسا رنگ دیا جائے یا کوئی ایسی توجیہ نکالی جائے جس سے نام نہاد روشن زمانے کی ترقی معکوس کے ساتھ ساتھ اسلامی معاشرے کی اخلاقی اقدار ، ثقافتی روایات اور معاشرتی آداب کا بھی دیوالیہ نکل جائے اور مسلمان بھی لولی لنگڑی مادیت کے ستائے ہوئے انسانوں کا ہمسر و ہم رنگ بلکہ ہم پیالہ و ہم نوالہ بن جائے -

یہ تو بالکل درست اور مسلم ہے کہ اسلام میں اجتہاد کا دروازہ ہمیشہ کی طرح آج بھی کھلا ہے - گزشتہ چودہ صدیوں کے دوران مخالفت کے باوجود اجتہاد کا دروازہ کبھی بند نہیں ہوا ، کسی نہ کسی سطح پر اجتہاد مسلسل جاری رہا ہے ، کبھی اجتہاد مطلق کے درجے میں ، کبھی اجتہاد جزئی کی شکل میں اور کبھی اخذ و استنباط کی بنیاد پر فتویٰ جاری کرنے کی صورت میں اسلامی اجتہاد کا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سلسلہ جاری رکھا گیا ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : الجہاد ماض الی یوم القیامۃ[1] کہ جہاد تو قیامت تک جاری رہے گا تو جس طرح قیامت تک مرد مومن کا جہاد جاری ہے ، اس طرح اُمت میں اجتہاد بھی جاری ہے اور جاری رہے گا ۔

لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ جس طرح جہاد کے لیے کچھ تربیت اور اسلحہ درکار ہوتا ہے اس طرح اجتہاد کے لیے بھی بعض شرائط اور آداب ہونے چاہییں جن کا جاننا اور ان سے متصف ہونا لازم ٹھہرے ۔ اس میں شک نہیں کہ اجتہاد کا دروازہ آج بھی ہمیشہ کی طرح کھلا ہے جس سے ہر وہ شخص داخل ہو سکتا ہے جو اس کا اہل اور حقدار ہو مگر یہ بات کسی کو زیب نہیں دیتی کہ وہ اس دروازے سے ننگے پاؤں اور میلے کچیلے لباس کے ساتھ ہی گھسا چلا آئے اور اجتہاد کی سعی نامشکور فرمانے لگے ۔ وہ اجتہاد کے آداب اور شرائط سے آگاہ ہو یا نہ ہو ، اس کا مبلغ علم خواہ کچھ ہی ہو ، وہ کلمۂ طیبہ اور بسملہ کا بھی صحیح تلفظ اور اِملا جانتا ہو یا نہ جانتا ہو ، شریعت کے مآخذ سے آزادانہ استفادہ کرنے کے قابل ہو یا نہ ہو ، لیکن آزادانہ اجتہاد کرنے کے لیے ضرور تیار ہو ۔ اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ مآخذ شرح کی روشنی میں اجتہاد کرنے والا مطلوب نہیں بلکہ نیا اسلام گھڑنے والا آزاد خیال مجتہد مطلوب ہے ۔ دوسرے لفظوں میں شریعت پر عمل کی راہ ہموار کرنے والا مجتہد درکار نہیں بلکہ اس کے بجائے اسلام کو بدلنے والے ملحد کی تلاش ہے ، حالانکہ اسلامی دنیا کا عصر حاضر ملحد کا متحمل نہیں ہو سکتا ۔ اسے تو مجتہد کی ضرورت ہو سکتی ہے ، ایک ایسا مجتہد جو اسلامی شریعت کی صلاحیت ، برتری اور حقانیت ثابت کر سکے ، جو مسلمانوں کی ذہنیت بدل کر رکھ دے ، سوچ کے دھارے بدل دے اور اسلام کی کامیابی کی راہیں روشن کر دے اور اسلام کو بدلنے کے بجائے مسلمانوں کو بدلے ۔ یہ اُمت ایک مجتہد سے زیادہ ایک مجدد کی محتاج ہے جو قلب مومن کو ایمان و ایقان میں پختہ تر کر سکے ۔ ہماری اصل مشکل اجتہاد نہیں تجدید ہے ۔ رہا اجتہاد و استنباط تو وہ تو اُمت میں کبھی بند نہیں ہوا ۔ مجتہد سے کوئی زمانہ خالی نہیں ہو سکتا جو کتاب و سنت کی روشنی میں اُمت کو درپیش نئے مسائل کا حل پیش کرتے رہے ہیں ۔ لیکن آزادانہ اجتہاد سے کتاب و سنت کے احکام کو بدلنے یا تحریف کرنے والے کی گنجائش نہیں ۔ ایسے لوگوں کے لیے اُمت مسلمہ سے باہر کی دنیا وسیع ہے وہاں اپنی جولانیاں دکھا سکتے ہیں ۔ اسلام میں تو اس تحریف و تلبیس کو نہ کبھی برداشت کیا گیا ہے اور نہ کیا جائے گا ۔ نصوص شرعیہ سے آزاد ہو کر محض ذاتی رائے سے حلال کو حرام ، حرام کو حلال یا خوب و ناخوب کا فتویٰ دینا ہوس پرستی اور اسلام دشمنی تو ہو سکتی ہے ، اسلامی اجتہاد ہرگز نہیں ہو سکتا ۔

---

۱۔ سنن ابی داؤد مع حاشیہ عون المعبود ۔ دارالکتاب العربی ، بیروت لبنان ۔ باب فی دوام الجہاد ۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہو سکتا ہے مجھے بھی رجعت پسندی یا متشددانہ مؤقف رکھنے والے کے القاب سے نوازا جائے لیکن مجھے اس کی پروا نہیں ـ مجھے صرف یہ کہنا ہے کہ جو کچھ اللہ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا یا جو کچھ زبان رسالت سے ادا ہوا ، اس کی حکمت و اہمیت کور چشموں کو سمجھ آئے یا نہ آئے ، آج نہیں تو کل ضرور ان کی عقل کے تالے کھل جائیں گے اور وہ احکام قرآن کو اجتہاد سے بدلنے پر نادم اور شرمندہ ہوں گے ـ جب ان پر حقیقت منکشف ہوگی تو منہ دکھانے کے قابل بھی نہیں رہیں گے ـ صرف ایک مثال پیش کر کے آگے بڑھنے کی اجازت چاہوں گا ـ قرآن کریم نے سود خوری کو استحصال و استغلال کی بدترین صورت اور لعنت و نحوست کی قبیح ترین علامت کے طور پر بڑی شدت کے ساتھ حرام قرار دیا مگر صہیونیت و زرپرستی کے پھیلائے ہوئے جال کے معاشی نظام نے جب ساری انسانیت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تو آزادانہ اجتہاد کے داعی دانشور سود کو مختلف ناموں اور تاویلوں سے حلال قرار دینے پر تل گئے ـ مگر جب کارل مارکس اور اس کی معنوی اولاد نے بھی سود خوری کو استحصال کی بدترین صورت قرار دیا تو یہی دانشور آزادانہ اجتہاد کو چھوڑ کر سود کو انسانی معاشرے کی پیشانی کا بدنما داغ قرار دینے لگ گئے اور کمیونزم کے اس تصور پر عش عش کر اٹھے مگر جب اللہ کی کتاب نے سود کو حرام ، خدا کی لعنت اور شیطانی نشہ قرار دیا تو اسے دقیانوسی خیال تصور کرتے ہوئے آزادانہ اجتہاد سے بدلنے کے لیے بے قرار ہوگئے ـ اس لیے میری گزارش اتنی ہے کہ باقی احکام قرآنی و نبوی کو بھی اسی پر قیاس کیا جائے اور آزادانہ اجتہاد سے انہیں بدلنے والوں کا معاملہ اللہ پر چھوڑ دیا جائے ـ

اس سلسلے کی چوتھی غلط فہمی یہ محسوس ہوتی ہے کہ شاید اسلامی معاشرے کا ہر فرد بلا قید و تخصیص ہر ایک معاملے میں اجتہاد کا حق رکھتا ہے ـ میں یہ سمجھتا ہوں کہ پہلی تین غلط فہمیوں کے ازالے کے سلسلے میں جو گزارشات پیش کی جا چکی ہیں وہ کافی ہیں ، بلکہ ضمنی طور پر اس آخری اور چوتھی غلط فہمی کے ازالے کے سلسلے میں بھی کچھ اشارات آ گئے ہیں ـ تاہم اس مقالے کا بنیادی مقصد اسی غلط فہمی کا ازالہ کرنا ہے اور یہ بتانا ہے کہ فقہ اسلامی کے نازک ترین بلکہ مشکل ترین میدان اجتہاد میں داخل ہونے کے لیے کچھ اوصاف و آداب اور کچھ شرائط موجود ہیں ـ ہر فرد اُمت کے لیے اس میدان میں قدم رکھنا نہ تو آسان ہے اور نہ یہ ممکن و ضروری ہے ، کیونکہ قرآن مجید جس طرح اسلامی معاشرے میں اصلاح و تبلیغ کے لیے ایک جماعت کی تیاری کا حکم دیتا ہے ، اس طرح تفقہ فی الدین کے لیے بھی ایک گروہ کی تیاری کا فرمان موجود ہے : فلو لا نفرمن کل فرقة منهم طائفة[۱] لیتفقهوا فی الدین و لینذروا قومهم اذا رجعوا لعلهم یحذرون : یعنی اگر ایسے ہوتا کہ ہر معاشرہ اہل اسلام میں سے ایک گروہ ایسا ہوتا جو تفقہ فی الدین کی

---

۱ـ القرآن ـ سورۃ توبہ ، آیت ۱۲۲ ـ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صلاحیت پیدا کرتا اور پھر واپس جا کر اپنی قوم کو ڈراتا تاکہ وہ احتیاط سے کام کر سکیں ۔

مجتہد کے اوصاف و آداب اور شرائط سے بحث کا آغاز کرنے سے پہلے مختصراً اس بات کی طرف اشارہ کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اصول فقہ کی رو سے تین مقامات ایسے ہیں جہاں اجتہاد ممکن نہیں گویا وہ محل اجتہاد ہی نہیں اور وہ یہ ہیں :

۱۔ ایسے واقعات و احوال جن کے متعلق کتاب و سنت میں قطعی اور واضح احکام موجود ہیں جیسے سود کی حرمت ، محرمات سے نکاح کی ممانعت وغیرہ ۔

۲۔ ایسے واقعات و احوال جن کے متعلق قطعی احکام قرآنی موجود ہیں مگر ان کی تفسیر و توضیح سنت سے ہوگئی ہے جیسے نماز پنجگانہ اور مناسک حج وغیرہ ۔

۳۔ ایسی عقوبات و سزائیں جنھیں حدود اللہ کہا گیا ہے اور ان کے متعلق کتاب اللہ میں واضح و قطعی احکام موجود ہیں جیسے حد قذف ، حد زنا اور حد سرقہ وغیرہ ۔

چار مقامات ایسے ہیں جہاں اجتہاد ممکن ہے گویا وہ محل اجتہاد ہیں اور وہ ہیں :

۱۔ ایسے احوال و واقعات جن کے متعلق کتاب اللہ اور سنت متواتر میں کوئی واضح اور قطعی حکم سرے سے ہے ہی نہیں ۔

۲۔ ایسے واقعات و احوال جن کے متعلق ایسی احادیث ملتی ہیں جو قطعی الثبوت تو ہیں مگر واضح الدلالہ نہیں ۔

۳۔ ایسے واقعات و احوال جن کے متعلق ایسی احادیث ملتی ہیں جو واضح الدلالہ تو ہیں مگر قطعی الثبوت نہیں ۔

۴۔ ایسے واقعات و احوال جن کے متعلق وارد ہونے والی حدیثیں نہ تو قطعی الثبوت ہیں اور نہ واضح الدلالہ ہیں ۔

متقدمین اور متاخرین ماہرین اصول فقہ نے مجتہد کے لیے جن اوصاف و شرائط سے متصف ہونا لازمی ٹھہرایا ہے وہ مقصد اور مسآل کے نقطۂ نظر سے متفق ہیں ، اگرچہ اجمال اور تفصیل کا اختلاف ممکن ہے ۔ متقدمین اکثر ان اوصاف و شرائط پر اجمالی نظر ڈالتے رہے ہیں جب کہ متاخرین علمائے اصول فقہ نے ان پر تفصیلی انداز میں نظر ڈالی ہے ۔ متقدمین میں امام غزالی ، الآمدی اور ابن حزم الظاہری کو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علم اصول فقہ میں امامت اور قیادت حاصل ہے - امام غزالی نے مجتہد کے لیے اجمالی طور پر دو شرائط بیان کی ہیں - پہلی شرط یہ ہے کہ مجتہد شریعت کے مآخذ و مدارک کا مکمل احاطہ و استیعاب رکھتا ہو اور اس قابل ہو کہ غور و فکر سے ظنی دلائل کی بنیاد پر مسائل کا حل نکال سکے - ساتھ ہی اہمیت کے لحاظ سے جو بات مقدم ہونے کا حق رکھتی ہے اسے مقدم اور جو مؤخر ہونے کا حق رکھتی ہے اسے مؤخر کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو - دوسری شرط یہ ہے کہ وہ وصف عدالت سے متصف ہو اور ان گناہوں سے اجتناب کرتا ہو جو وصف عدالت کے لیے نقص و عیب کا باعث ہوتے ہیں - تاہم امام غزالی یہ صراحت بھی کرتے ہیں کہ وصف عدالت سے متصف ہونا قبول فتویٰ اور عامۃ المسلمین کے اعتماد کے لیے شرط ہے - مجتہد کے اجتہاد کی صحت کے لیے شرط نہیں ہے -

ان دو اجمالی شرائط کے ذکر کے بعد امام غزالی نے پہلی شرط کے اجمال کی تفصیل بیان کرتے ہوئے مدارک و مآخذ شریعت کی معرفت کے لیے آٹھ علوم کو بنیادی وسیلہ قرار دیا ہے (جو شریعت کے مآخذ اربعہ یعنی کتاب اللہ، سنت رسول اللہ، اجماع اور قیاس جسے غزالی نے لفظ عقل سے تعبیر کیا ہے) کو سمجھنے میں مدد دیتے ہیں - ان علوم میں سے دو کو مقدمہ یا تمہیدی علوم کی حیثیت حاصل ہے اور وہ ہیں: (۱) دلائل قائم کرنے کا علم یعنی شرعی مسائل کے حل میں کن دلائل سے کس طرح کام لیا جائے گا - وہ ان دلائل کی تین قسمیں بیان کرتے ہیں: عقلی، شرعی اور وضعی - (۲) دوسرا تمہیدی علم ہے معرفت زبان عربی اور اس کے اصول و قواعد - مذکورہ آٹھ علوم میں سے دو کو اختتامی یا تکمیلی علوم کا درجہ حاصل ہے جن میں سے ایک کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ میں ناسخ و منسوخ کا علم ہے - یہ علم مجتہد کے لیے بے حد ضروری ہے کیونکہ جب تک تقدیم و تاخیر کا علم نہ ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ کونسا حکم ناسخ ہے اور کون منسوخ ہے، اس وقت تک مجتہد کے لیے کسی صحیح نتیجے پر پہنچنا ممکن نہیں - دوسرا تکمیلی علم سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روایات کے متون و اسناد کی صحیح معرفت ہے جس کے ذریعے مقبول و مردود اور فاسد و صحیح میں تمیز کرنا ممکن ہو سکتا ہے - جو چار علوم وسائط کی حیثیت رکھتے ہیں وہ یہ ہیں:

(۱) ذات و صفات باری تعالیٰ کا علم و معرفت -

(۲) کائنات کی حقیقت کا علم یعنی یہ کہ یہ کائنات نو پید ہے اور ایک خالق کی تخلیق کا اعجاز ہے -

(۳) معرفت صداقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم -

(۴) طرق کلام کا علم -

مآخذ شریعت کی معرفت کے لیے امام غزالی یہ کافی سمجھتے ہیں کہ مجتہد کو کتاب اللہ کی وہ پانچ سو آیات معلوم ہوں جو احکام شریعت کے متعلق ہیں -



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ضمن میں بھی احکام سے متعلق احادیث کا ازبر ہونا ضروری نہیں بلکہ اتنا معلوم ہونا کافی ہے کہ فلاں مسئلے کے متعلق فلاں مقام پر حدیث نبوی موجود ہے۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ مجتہد کے پاس احکام سے متعلق احادیث کا ایک صحیح مرتب مجموعہ موجود ہو۔ مجتہد کو یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ وہ کون کون سے مسائل ہیں جن پر اجماع ہو چکا ہے تاکہ اپنے اجتہاد میں اجماع کی مخالفت کا مرتکب نہ ہو۔

ابن حزم الظاہری[1] نے مجتہد کی اقسام اور درجات سے بحث کرتے ہوئے لکھا ہے کہ عنداللہ اجتہاد کرنے والا دو حیثیتوں میں سے ایک حیثیت کا مالک ضرور ہوگا: یا تو وہ صحت و صواب کا مالک ہوگا اور مصیب کہلائے گا اور یا غلطی و خطاء کا حامل ہوگا اور مخطئی کہلائے گا، یعنی خطا وار۔ البتہ مآل کے لحاظ سے وہ خطاوار مجتہد کے دو درجے بتاتا ہے، ایک ایسا خطا کار جو عنداللہ معذور ہے۔ اجتہاد میں وہ نیک نیت ہوتا ہے خواہ اس کا اجتہاد غلط ہی ہو۔ دوسرا خطا کار مجتہد غیر معذور ہوتا ہے اور یہ وہ مجتہد ہے جو جانتے بوجھتے ہوئے غلطی کا ارتکاب کرتا ہے یعنی اس کی نیت ہی نیک نہیں ہوتی۔ اجر کے لحاظ سے بھی وہ مجتہد کی دو قسمیں بیان کرتا ہے۔ ایک ایسا مجتہد جو مصیب ہے اور اسے دوگنا اجر ملتا ہے: ایک اجتہاد کرنے کا دوسرا درستی اور صحت کا۔ دوسری قسم وہ مجتہد ہے جو خطا کار ہے مگر اجتہاد میں نیک نیت ہونے کے سبب صرف اجتہاد کرنے کا اجر پاتا ہے۔ ابن حزم اجتہاد کی اہمیت کے ضمن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث نقل کرتا ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ''من اجتہد و اصاب فلہ اجران و من اجتہد واخطاء فلہ اجرواحد''[2] کہ جس نے اجتہاد کیا اور صحیح نتیجے پر پہنچا تو اسے دوگنا اجر ملے گا اور جس نے اجتہاد کیا اور غلطی کی تو اسے صرف ایک گونہ اجر ملے گا۔ یہاں سے ابن حزم ہر مسلمان کے لیے اجتہاد لازم ٹھہراتا ہے اور تقلید کرنے والے کو گنہگار اور قابل مذمت قرار دیتا ہے۔

علامہ الآمدی نے بھی مجتہد کے لیے دو اجمالی شرطیں بیان کی ہیں، پہلی شرط کا تعلق عقائد سے ہے جس میں وہ مجتہد کے لیے وجود باری تعالیٰ کا علم، اس کی صفات کمالیہ پر ایمان اور منصب رسالت کی تصدیق کو لازم ٹھہراتے ہیں۔ دوسری شرط کا تعلق مجتہد کے علم سے ہے، یعنی مجتہد کے لیے یہ لازم ہے کہ وہ شریعت کے احکام، ان کی اقسام، دلائل اور مراتب و شروط سے آگاہ ہو، اسے تحصیل احکام کی کیفیت معلوم ہونی چاہیے۔ تحریر و تقریر کے ذریعے احکام پر

---

۱۔ ملاحظہ ہو: ابن حزم اندلسی الظاہری۔ الاحکام فی اصول الاحکام، ج ۵۔ صفات ۱۲۱ تا ۱۴۱۔ مطبعہ السعادہ مصر، طبع اولی ۱۳۳۹ھ۔

۲۔ ابوداؤد (کتاب القضا) جلد ثالث، دارالکتاب العربی، بیروت لبنان۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وارد ہونے والے اعتراضات کا جواب دے سکے۔ راویان حدیث کی جرح و تحویل سے واقف ہو، صحیح و غیر صحیح حدیث میں امتیاز کر سکے۔ اسباب نزول، ناسخ منسوخ اور عربی لغت و نحو کا عالم ہو۔ تاہم الآمدی کے نزدیک یہ شرائط اس مجتہد کے لیے ہیں جسے اصول فقہ میں مجتہد مطلق یا مجتہد کامل کہا جاتا ہے۔ امام غزالی کی طرح الآمدی بھی اجتہاد میں تجزی کا قائل ہے، یعنی مجتہد کے لیے یہ لازم نہیں کہ وہ ہر مسئلے پر اجتہاد کی صلاحیت رکھتا ہو، بلکہ وہ شریعت کے کسی خاص شعبے کے مسائل میں اجتہاد پر قادر ہو، تب بھی کافی ہے مگر وہ مجتہد مطلق یا کامل نہیں کہلائے گا بلکہ مجتہد جزئی کہلائے گا۔

متقدمین و متاخرین اور جدید دور کے ماہرین اصول فقہ کے افکار کی روشنی میں مجتہد کے لیے جن اوصاف و آداب اور شروط و لوازمات سے متصف ہونا ضروری ہے، ان کی مجموعی تعداد بارہ بنتی ہے۔

ان میں سے پہلی شرط اسلام و ایمان ہے۔ گویا شریعت کے احکام میں اجتہاد کے لیے یہ لازمی شرط ہے کہ مجتہد دین اسلام پر ایمان کامل سے مزین ہو۔ دوسری شرط عدالت و تقویٰ ہے۔ مجتہد کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان عیوب و نقائص سے بری ہو تو جو وصف عدالت اور تقویٰ کے لیے نقصان دہ ہیں۔ تیسری شرط یہ ہے کہ مجتہد عربی زبان کا عالم ہو تاکہ قرآن و حدیث کی شرعی نصوص کا صحیح ادراک کر سکے۔ عربی زبان و ادب اور اسلوب بیان پر گہری نظر کے علاوہ اسرار بلاغت سے بھی پوری طرح واقف ہو۔ تاہم اس میں یہ لازم نہیں کہ وہ عربی زبان کی مہارت کے سلسلے میں سیبویہ اور خلیل کے درجے کا امام لغت و نحو ہو بلکہ بقدر ضرورت اتنا معلوم ہو کہ کلام عرب میں اسلوب تخاطب اور انداز بیان کن کن معنی اور رنگ کا حامل ہو سکتا ہے۔

چوتھی شرط یہ ہے کہ وہ کتاب اللہ کا علم رکھتا ہو، اس کے لغوی معنی اور شرعی مفہوم سے آگاہ ہو۔ امام شافعی کے نزدیک تو مجتہد کو تمام قرآن حفظ ہونا چاہیے لیکن اکثریت کی رائے یہ ہے کہ صرف اتنا کافی ہے کہ احکام شریعت سے متعلق پانچ سو آیات کا رکھتا ہو۔ پانچویں شرط یہ ہے کہ مجتہد کو سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت حاصل ہو۔ ان قولی، فعلی اور تقریری احادیث کا علم رکھتا ہو جن میں شریعت کے احکام وارد ہوئے ہیں۔ ان احادیث کے معانی و مقاصد سے پوری طرح آگاہ، اسناد و متون کے تمام پہلوؤں پر نظر رکھتا ہو، اس کے پاس احکام سے متعلق احادیث کا صحیح مجموعہ موجود ہونا چاہیے مثلاً صحاح ستہ کے علاوہ معانی الآثار للطحاوی اور منتقی الاخبار لابن تیمیہ کا موجود ہونا کافی ہے۔

مجتہد کے لیے چھٹی شرط یہ ہے کہ وہ اجماع و اختلاف کے مواقع سے آگاہ ہو۔ مجتہد کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ وہ کون کون سے مسائل ہیں جن میں سلف صالح



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا اجماع ہو چکا ہے تا کہ اس اجماع کی مخالفت سے بچ سکے جیسے اصول فرائض ، اصول وراثت اور محرمات وغیرہ کے بارے میں سلف صالح کا اجماع موجود ہے ۔ اسی طرح مجتہد کو یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ وہ کون سے مسائل ہیں جن میں سلف صالح کا اختلاف تھا ۔ امام شافعی اس اختلاف و اجماع کی معرفت پر بہت زور دیتے ہیں ۔ اس موضوع پر علامہ ابن رشد کی هداية المجتهد ، ابن قدامہ کی کتاب المغنی ، ابن حزم کی کتاب المحلی اور امام ابن تیمیہ کے فتاوی بہت کارآمد معلومات کی حامل ہیں ۔

ساتویں شرط یہ ہے کہ مجتہد قیاس کے اصول سے پوری طرح آگاہ ہو ۔ امام شافعی تو قیاس کو ہی اجتہاد کا نام دیتے تھے ۔ وہ فرماتے ہیں : '' الاجتهاد هوالعلم باوجه القياس و طرائقه '' یعنی اجتہاد دراصل قیاس کی وجوہات اور طریقوں کے علم کا نام ہے ۔ مشہور فقیہ علامہ الاسنوی قیاس کو قاعده الاجتهاد اور الموصل الى التفاصيل قرار دیتے ہیں ، اس کے لیے لازم ہے کہ مجتہد واقعات و معاملات زندگی کے علم کے علاوہ مندرجہ ذیل باتوں کا بھی علم رکھتا ہو :

(۱) ان علل و اسباب کا علم ہو جو نصوص شرعیہ کے لیے حکمت اور بنیاد کی حیثیت رکھتی ہیں ۔

(۲) قیاس کے تمام قوانین و ضوابط کی معرفت حاصل ہو ۔

(۳) یہ بھی علم رکھتا ہو کہ کتاب و سنت میں حکم موجود نہ ہونے کی صورت میں سلف صالح کا طریقۂ اجتہاد کیا تھا ۔

آٹھویں شرط یہ ہے کہ مجتہد احکام شریعت کے مقاصد اور حکمتوں سے واقف ہو ، مثلاً یہ علم ہو کہ شریعت کی حکمت یہ ہے کہ انسانیت کی مصلحت ملحوظ ہو اور رحمت و سہولت سے کام لیا جائے ۔ اسلامی شریعت میں حرج اور تنگی نہیں ہے ۔ امام شاطبی نے مقاصد شرع کو سمجھنے پر بہت زور دیا ہے ۔ وہ کہتے ہیں : '' فهم مقاصد الشرع هوالعلم الذى يبنى عليه الاجتهاد '' کہ مقاصد شریعت کا فہم وہ علم ہے جس پر اجتہاد کی عمارت کھڑی ہوتی ہے ۔ چنانچہ وہ اجتہاد کی دو بنیادیں تسلیم کرتے ہیں : ایک فہم مقاصد شرح اور دوسرے احکام کے استنباط کی قدرت حاصل ہونا ۔

مجتہد کے لیے نویں شرط یہ ہے کہ وہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ میں ناسخ و منسوخ کا علم رکھتا ہو ۔ یہ بہت ہی ضروری شرط ہے کیونکہ منسوخ آیات و احادیث اجتہاد کی بنیاد ہی نہیں بن سکتی ۔ دسویں شرط یہ ہے کہ اجتہاد کرنے والا فن اصول فقہ کا بھی کامل علم رکھتا ہو کیونکہ احکام کے سمجھنے اور استنباط کرنے کے لیے علم اصول فقہ بے حد مفید ہے ۔ گیارھویں شرط کو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صحت فہم اور حسن اندازہ کا نام دیا گیا ہے ۔ صحیح بات کو صحیح اور غلط بات کو غلط سمجھنا ، کھرے اور کھوٹے کا بخوبی اندازہ کرنا ایسے اوصاف ہیں جو مجتہد کو درست نتائج تک پہنچنے میں بہت مدد دیتے ہیں ۔ بارھویں شرط کو صحت نیت اور سلامت اعتقاد کا نام دیا جاتا ہے ۔ نیت کی درستی پر ہر کام کا دارو مدار ہوتا ہے ، عقیدے کی درستی بھی حکمت و نور کا وسیلہ ہے ۔ ٹیڑھی نیت سے نتائج بھی ٹیڑھے نکلتے ہیں اور انسان کی سوچ بھی ٹیڑھی ہوتی ہے ۔ عقیدہ فاسد ہو تو اخلاص مفقود ہو جاتا ہے ، اس لیے اجتہاد کرنے والا درست نتائج تک نہیں پہنچ سکتا ۔

بات ختم کرنے سے پہلے اگر ہم ذہن میں ابھرنے والے بعض سوالات کی نشاندہی اور ان کے جوابات کی طرف اشارے سے گریز کریں گے تو ہماری یہ بحث تشنۂ تکمیل رہ جائے گی ، اس سلسلے کا پہلا سوال یہ ہے کہ ہمارے اجتہادی عمل کی حدود یا طریقہ کار کیا ہو ؟ کیونکہ کچھ لوگ ” آزادانہ اجتہاد “ کے دعویدار ہیں ، کچھ اجتہاد کا دروازہ ہی مقفل رکھنا چاہتے ہیں اور کچھ ایسے ہیں جو عجلت میں اجتہاد کرتے ہیں اور عجلت ہی میں کسی نئی اجتہادی کوشش پر فوری فتویٰ صادر کرنے کی کوشش کرتے ہیں ، یہ سب باتیں افراط اور تفریط کی پیداوار ہیں جب کہ اجتہاد اس کا نام ہے کہ احتیاط و اعتدال کے دائرے میں رہتے ہوئے خلوص قلب اور نیک نیتی کے ساتھ اُمت اسلامیہ کے دینی و قانونی مسائل کا حتی المقدور مناسب اور صحیح حل دریافت کیا جائے اور وہاں جہاں کتاب و سنت میں کسی شکل میں کوئی نص موجود نہ ہو ۔

جہاں تک آزادانہ اجتہاد کا تعلق ہے تو ”اجتہاد“ اور ”آزادانہ“ دو الگ الگ باتیں ہیں ، یا تو آپ اجتہاد کیجیے یا پھر ”آزادانہ“ ہی کرتے رہئے ، لیکن اس ”آزادانے“ کو اسلامی اجتہاد کے ساتھ کوئی تعلق نہ ہوگا ، اجتہاد کی تو کچھ شرائط ہیں اور کچھ قیود و حدود یا قواعد و ضوابط ، ”انقلابی کوششیں“ یا باغیانہ روشیں یا پھر ”آزادانہ“ دوڑ ، اجتہاد کے دائرے سے باہر ہیں ! یہاں مجھے اپنے مرحوم استاذ بھائی ڈاکٹر سید محمد یوسف کا ایک جملہ یاد آ رہا ہے جو انھوں نے راولپنڈی میں منعقد ہونے والے (جشن نزول قرآن) کے موقع پر ایک آزادانہ اجتہادی روش کے قائل بزرگ کے جواب میں عربی میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا تھا :

” نعم ! باب الاجتهاد مفتوح و سيظل مفتوحا الى يوم القيامة ۔
و لكن لا يجوز لاحد ان يدخل منه حافيا عاريا !

” کہ ہاں اجتہاد کا دروازہ کھلا ہے اور قیامت تک کھلا ہی رہے گا لیکن کسی کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ اس دروازے سے ننگے بدن اور ننگے پاؤں ہی گھسا چلا جائے ! “



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسی طرح جو لوگ فقہ اسلامی کی تدوین جدید اور ارتقائی عمل سے گریزاں ہیں اور اسے شجرۂ ممنوعہ تصور کرتے ہیں ان کی روش بھی دینی فطرت کے تقاضوں کے منافی ہے ، اجتہادی عمل کو جاری رکھنے کا حکم ہے ، اس میدان میں غلطی پر بھی ثواب کا وعدہ ہے ، اگر درست ہو تو ثواب دوگنا ہوگا ، اس لیے اجتہاد میں غلطی کرنے والے پر نہ تو فوری فتویٰ لگانے کی ضرورت ہے اور نہ غلطی پر اصرار کا جواز ہے ، سمجھنا ، سمجھانا ، باہم مشورہ کرنا اور ایک دوسرے کی مدد و حفاظت کرنا ملت بیضاء کا طرۂ امتیاز ہے ۔

سائنس اور ٹیکنالوجی کے اس برق رفتار اور ترقی پذیر عہد میں انسانی زندگی ایک ھنگامہ خیز مشینی ڈرامہ بن کر رہ گئی ہے جس میں کرداروں کے لامتناہی تنوع کے ساتھ ساتھ ان گنت اور برق رفتار حوادث و واقعات بھی ہیں ۔ پھر یہ ہنگامہ خیز بلکہ ہنگامہ پرور ڈرامہ قدم قدم پر الجھنوں اور رکاوٹوں سے بھی دو چار ہوتا رہتا ہے ، سوال یہ ہے کہ ان کرداروں ، ان واقعات و حوادث ان الجھنوں اور رکاوٹوں پر نظر رکھنا اجتہادی عمل کے ضمن میں کیا حیثیت رکھتا ہے ؟ راقم السطور کی رائے میں ان امور پر نظر رکھنا اگر اجتہادی عمل کی بنیادی شرط نہیں تو کم سے کم یہ بات مجتہد کی ایک اہم اور لازمی ضرورت تو یقیناً ہے ! انسانی زندگی کے تمام نئے اور پرانے پہلوؤں سے آگاہی ، اصناف علم و فن کی بڑھتی ہوئی وسعتوں پر مسلسل اجمالی نظر ، عباد مکلفین کے احوال اور ضرورتوں سے مکمل طور پر باخبر رہنا اور ان احوال اور ضرورتوں کے مطابق رہنمائی مجتہد کا منصبی فریضہ ہے !

اس سلسلے کا ایک سوال یہ بھی ہے کہ آج کے دور میں اجتہاد کا منصب کسے انجام دینا ہے ؟ کیا مسلم اہل علم کی جماعت جن کے تقویٰ ، اخلاص نیت اور علم و فضل پر امت کو اعتماد ہو ؟ یا اصحاب حل و عقد پر مشتمل مقننہ و مجلس شوریٰ ؟ یا عدلیہ کے مناصب پر فائز ہونے والے جج یا قاضی ؟ لیکن ان تمام سوالات کا جواب اجمالی و اشاری شکل میں گزشتہ سطور کے ضمن میں موجود ہے اجتہادی عمل کے اوصاف و شرائط سے متصف اہل علم و فضل جہاں بھی موجود ہوں گے انہیں منصب اجتہاد زیب دیتا ہے ! قرن اول سے آج تک یہ منصب کسی گروہ کی میراث نہیں رہا بلکہ فضل و تقویٰ اور دیگر اوصاف اور شرائط ہی اجتہاد کے استحقاق اور اہلیت کی بنیاد رہی ہیں ، تاہم آج کے حالات میں ہر اہم مسئلے یا درپیش مشکل کے متعلق اصحاب حل و عقد ، جماعت اہل علم و فضل اور فضلائے عدلیہ کو اجتماعی طور پر چھان پھٹک اور بحث و تحقیق سے اجتہاد کا عمل جاری رکھنا چاہیے ۔ عصر حاضر نے جہاں مسائل و مشکلات دی ہیں وہاں آسانیاں اور سہولتیں بھی بہم پہنچائی ہیں ۔ گزشتہ زمانوں میں ایک جگہ کی اجتہادی کوشش سے دوسری جگہ کے اہل علم کی آگاہی میں وقت لگتا تھا لیکن آج کرہ ارضی کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک کی ہر خبر اور ہر بات بڑی تیزی اور آسانی کے ساتھ منتقل ہو رہی ہے اور دنیا ایک



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خاندان یا گھریلو اکائی کی شکل میں سمٹ آئی ہے ایسے اوصاف اجتہاد سے متصف اہل علم و فضل کی فکری کاوشیں سرعت کے ساتھ اشاعت پا سکتی ہیں ۔ اس لیے تمام اسلامی دنیا کے اصحاب علم و فضل کا باہمی تعاون اور تبادلۂ خیال بھی جاری رہنا چاہیے بلکہ وقت کے تقاضوں کے پیش نظر یہ موزوں اور نہایت مناسب ہوگا کہ ملکی و قومی سطح پر اور پھر بین الاسلامی و بین الاقوامی سطح پر منتخب اہل علم کے بورڈ قائم ہوں ۔ اس صورت میں اجتہادی عمل اجماع امت کی شکل میں سامنے آئے گا ۔

غرض سب سے آخر میں یہ سوال ذہن میں ابھرتا ہے کہ آج کے دور میں اجتہاد کا منصب کس کا حق ہے ؟ ہر اسلامی ملک میں تقریباً تین ادارے کسی نہ کسی رنگ اور سطح کے موجود ہیں ۔ ایک طرف مجالس مقننہ یا مجالس شوریٰ ہیں ۔ دوسری جانب عدلیہ بھی اپنا کردار ادا کرتی ہے ۔ تیسری طرف بلند مرتبہ اہل علم کی جماعت بھی ہر اسلامی ملک میں موجود ہے جن کے تقوٰی و اخلاص نیت اور علم و فضل پر امت کو اعتماد ہے ۔

ان حالات میں ہر اہم مسئلے یا درپیش مشکل پر تینوں اطراف کو شریک ہو کر چھان پھٹک کا عمل جاری رکھنا چاہیے پھر تمام اسلامی دنیا کے ان ہر سہ اداروں کے فضلاء کا باہمی تعاون و تبادلۂ خیالات بھی جاری رہنا چاہیے بلکہ یہ موزوں اور وقت کے تقاضوں کے پیش نظر بہت مناسب ہوگا کہ ملکی سطح پر اور پھر بین الاسلامی سطح پر منتخب اہل فضل و علم کے بورڈ قائم کیے جائیں تا کہ اجتہاد کی صورت میں غلطی کا کم سے کم امکان رہ جانے کے ساتھ ساتھ اسی اجتہاد پر اجماع امت کی صورت بھی پیدا ہو جائے ۔



© rasailojaraid.com